# اردو

# Urdu Sentences
# (Idioms)

**محاورات** **معانی**

**i** آب آب ہونا — شرمندہ ہونا

← جب ایک طالب علم نقل کرتے پکڑا گیا تو وہ مارے شرم کے آب آب ہو گیا۔

**ii** آبرو خاک میں ملانا — ذلیل کرنا

← اس نے ایسے برے کام کیے کہ اپنے بزرگوں کی آبرو خاک میں ملا دی۔

**iii** آب دیدہ ہونا — آنکھوں میں آنسو بھر لانا۔

← گداگر نے آب دیدہ ہو کر کہا: "خدا کے لیے مجھے کچھ کھانے کو دو میں تین دن سے بھوکا ہوں۔"

**iv** آپا دھاپی پڑنا — افراتفری کی حالت

← دھماکے کی آواز سنتے ہی لوگوں میں آپا دھاپی پڑ گئی۔

**v** آپے سے باہر ہونا — حد درجے کی خوشی یا غصے کی کیفیت

← احمد گالی سن کر آپے سے باہر ہو گیا۔

**vi** آٹے میں نمک ہونا — بہت کم تعداد یا کم مقدار

← پاکستان میں غیر مسلموں کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے۔

Scanned with CamScanner

vii آئینہ کر دینا — واضح کر دینا

← استاد نے مختصر سے جملے میں مفہوم کو آئینہ کی طرح شفاف کر دیا۔

viii آئینے میں بال آنا — شک پیدا ہونا

← میاں بیوی کے درمیان اگر ایک دفعہ آئینے میں بال آ جائے تو اعتماد ہمیشہ کے لیے جاتا رہتا ہے۔

ix آنکھ لگنا — نیند آنا ← کتاب پڑھتے پڑھتے میری آنکھ لگ گئی۔

x آنکھ لگنا — محبت ہونا

← مجھے اس محبوب سے آنکھ لگی ہے کہ جدھر دیکھتا ہوں ادھر وہی وہ ہے۔

xi آنکھیں دکھانا — ناراض ہونا، غصہ کرنا

← تم مجھے خواہ مخواہ آنکھیں دکھا رہے ہو میں نے ہمیشہ تمہارا اچھا چاہا ہے۔

xii آٹھ آٹھ آنسو رونا — بہت رونا، زار زار رونا

← دوست کی موت کی اچانک خبر سن کر وہ آٹھ آٹھ آنسو رونے لگا۔

xiii آڑے آنا — مشکل میں کام آنا

← سچا دوست وہی ہے جو مشکل میں دوسروں کے آڑے آئے۔

xiv آڑے ہاتھوں لینا — خوب خبر لینا

← سیاست دان نے اپنی تقریر میں اپنے مخالفین کو خوب آڑے ہاتھوں لیا۔

xv آب و دانہ اٹھنا — رزق ختم ہونا

← سچ ہے جب انسان کا دنیا سے آب و دانہ اٹھتا ہے تو کوئی دوا کارگر نہیں ہوتی۔

xvi آسمان ٹوٹ پڑنا — اچانک مصیبت آ پڑنا

← والد کی ناگہانی وفات سے ہمارے سر پر آسمان ٹوٹ پڑا۔

Scanned with CamScanner

XVII. آگ بگولا ہونا — بہت غصے میں ہونا

← وہ میری بات سنتے ہی آگ بگولا ہو گیا۔

XVIII. آستین کا سانپ ہونا — ظاہر میں دوست باطن میں دشمن

← افسوس تو اس بات کا ہے کہ جسے دوست سمجھا تھا وہی آستین کا سانپ نکلا

XIX. آنتوں کا قل ھو اللہ پڑھنا — بہت بھوک لگنا

← بھئی جلدی کھانا دو، میری آنتیں تو قل ھو اللہ پڑھ رہی ہیں۔

XX. آنکھیں بچھانا — بہت ادب سے پیش آنا

← جب قائد اعظم لاہور آئے تو لوگوں نے ان کی راہ میں آنکھیں بچھا دیں

XXI. آنکھیں چرانا — نظریں بچانا

← آنکھیں کیوں چرا رہے ہو سیدھے ہو کر سامنے ہو کر بات کرو۔

XXII. آنکھوں پر بٹھانا — بہت عزت کرنا

• اہل مجلس نے شاعر کو آنکھوں پر بٹھایا اور انہیں وہ عزت دی کہ شاعر کو اس سے پہلے نہ ملی تھی۔

XXIII. اپنے گریبان میں منہ ڈالنا — اپنے عیب گننا

← دوسروں کو نصیحت کرنے سے پہلے آدمی کو چاہیے کہ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھ لے۔

XXIV. اپنا الو سیدھا کرنا — اپنا مطلب نکالنا

← اس دنیا میں کون کسی کا خیال کرتا ہے سب اپنا الو سیدھا کرتے ہیں۔

XXV. الٹی آنتیں گلے پڑنا — لینے کے دینے پڑنا

← کسی کا فائدہ سوچ کر کوئی نقصان ہو جائے تو الٹی آنتیں گلے پڑ جاتی ہیں۔

26 اللے تللے کرنا — بے دریغ خرچ کرنا

← اگر تمہارے یہی اللے تللے رہے تو ایک دن باپ دادا کی تمام دولت بلکہ برباد کر دو گے

27 الو بولنا — ویرانی اور بے آبادی کی حالت

← حالات ناساز ہونے کی وجہ سے جہاں رونق ہوتی ہے وہاں الو بول رہے ہیں

28 امید بر آنا — امید پوری ہونا

← مجھے تو کسی امید بر آنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔

29 انگاروں پر لوٹنا — سخت تکلیف میں ہونا

← جب سے اس کو ترقی ملی ہے، اس کے دشمن انگاروں پر لوٹ رہے ہیں

30 انگشت بدنداں ہونا — حیران ہونا

← بچے کے منہ سے یہ عالمانہ جواب سن کر میں تو انگشت بدنداں رہ گیا۔

31 اینٹ سے اینٹ بجانا — کسی شہر کو ویران اور برباد کر دینا

← فلسطین نے اسرائیلی فوج کی اینٹ سے اینٹ بجا دی

32 اوس پڑنا — مایوسی کی حالت

← انگلش لٹریچر کے ایم فل کے GAT میں میری امیدوں پر اوس پڑ گئی۔

33 ایک لاٹھی سب کو ہانکنا — اچھے برے میں تمیز نہ کرنا

← بعض مرد منبر ایسے بے بصیرت ہوتے ہیں کہ ایمان دار اور بددیانت ملازموں کو ایک لاٹھی ہانکتے ہیں۔

34 اشگوفے چھوڑنا — شگوفے چھوڑنا، انوکھی بات کرنا

← بعض لوگ فضول اشگوفے چھوڑنے کے موڈ میں ہوتے ہیں۔

35 بات بنانا — حیلے بہانے کرنا

← بات بنانا تو کوئی تم سے سیکھے

بات رہ جانا — عزت رہ جانا

← خدا نے اس کی عزت بات رہ گئی ورنہ دشمنوں نے کوئی کسر نہ چھوڑی تھی۔

باغ باغ ہونا — بہت خوش ہونا

← بیٹے کی کامیابی کی خبر سن کر باپ کا دل باغ باغ ہو گیا۔

38 آنکھیں پھیر لینا — بے وفائی کرنا

← بعض لوگ مطلب نکل جانے کے بعد آنکھیں پھیر لیتے ہیں احمد نے بھی کچھ میرے ساتھ بھی کیا۔

39 آنکھیں سفید ہونا — اندھا ہو جانا

← بیٹے کی جدائی میں باپ کی رو رو کر آنکھیں سفید ہو گئیں۔

40 آنکھوں پر ٹھیکری رکھنا — بے شرم بن جانا، پرواہ نہ کرنا

← ابھی تو آنکھوں پر ٹھیکری نہ رکھو اس نے تم پر بہت احسان کیے ہیں

41 آفت کا پرکالہ — بہت شرارتی

← یہ بڑھیا تو آفت کا پرکالہ ہے۔ ادھر کی اُدھر لگا دیتی ہے اور لوگوں میں لڑائی کرا دیتی ہے۔

42 آسمان سے باتیں کرنا — بلند و بالا ہونا

← کوہ قراقرم کی چوٹیاں آسمان سے باتیں کرتی ہیں۔

43 آفتاب لب بام ہونا — مرنے کے قریب ہونا

← ہمارا کام کیا ہے ہم تو آفتاب لب بام ہیں صبح گئے یا شام گئے۔

44 آسمان سر پر اٹھانا — بہت شور و غل کرنا

← استاد صاحب تھوڑی دیر کے لیے جماعت کے کمرے سے باہر نکلے تھے کہ بچوں نے آسمان سر پر اٹھا لیا۔

45 آسمان میں تھگلی لگانا — کمال عیاری ظاہر کرنا

← وہ تو ایسی عورت ہے کہ آسمان میں تھگلی لگاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

46 [illegible] دکھانا

چکما دینا ← جاسوس نے پولیس کو دھوکہ دے کر ہی فرار کر لیا

47 اپنا سا منہ لے کر رہ جانا — شرمندہ ہونا۔

← جب اسلم سے میری دلیل کا کوئی جواب نہ بن پڑا تو وہ اپنا سا منہ لے کر رہ گیا

48 اپنے منہ میاں مٹھو بننا — اپنی تعریف خود کرنا

← اپنے منہ میاں مٹھو بننا کوئی خوبی نہیں عزہ تب ہے جب کوئی دوسرا تعریف کرے

49 اڑتی چڑیا کے پر گننا — تیز طرار ہونا

← شوکت کی کیا پوچھتے ہو وہ بڑا تیز طرار ہے وہ اڑتی چڑیا کے پر گن لیتا ہے

50 ہوائی باتیں کرنا — فضول باتیں کرنا

← جب انور سے میری باتوں کا کوئی جواب نہ بن پڑا تو وہ اپنی باتیں بنانے لگا۔

51 الٹی گنگا بہانا — رواج کے خلاف کام کرنا

غم کے موقع پر قوالی کی محفل سجانا الٹی گنگا بہانے کے مترادف ہے۔

52 بات بنانا — حیلے بہانے کرنا ← بات بنانا تو کوئی تم سے سیکھے

53 بال بیکا کرنا — نقصان پہنچانا

← جب تک میں زندہ ہوں کوئی شخص تمہارا بال بھی بیکا نہیں کر سکتا

54 بازار گرم ہونا — کثرت ہونا

← ملک میں رشوت کا بازار گرم ہے اور اندھیر مچا ہوا ہے۔

55 بسم اللہ کے گنبد میں رہنا — دنیا کے حالات سے بے خبر

← تم ابھی بسم اللہ کے گنبد میں رہتے ہو جب طرح طرح کے لوگوں سے واسطہ پڑے گا تب حقیقت معلوم ہو گی۔

Scanned with CamScanner

56 بال کی کھال اتارنا — بہت چھان بین کرنا

← بعض لوگ مختلف معاملے میں بال کی کھال اتارتے ہیں۔

57 باچھیں کھلنا — بے حد خوش ہونا

← جماعت میں اول آنے کی خبر سن کر انور کی باچھیں کھل گئیں۔

58 بغلیں جھانکنا — جواب بن نہ پڑنا، شرمندہ ہونا

← جب ملزم پر عدالت میں جرح ہوئی تو وہ بغلیں جھانکنے لگا۔

59 بھینس کے آگے بین بجانا — نااہل کے سامنے اچھی بات کرنا

← جاہل آدمی سے علمی گفتگو کرنا بھینس کے آگے بین بجانا ہے۔

60 بخیے ادھیڑنا — راز فاش کر دینا

← جب میڈیا نے ہر سیاستدان کے بخیے ادھیڑ کر رکھ دیے ہیں۔ اب کوئی بات عوام سے پوشیدہ نہیں رہی۔

61 بے نقط سنانا — برا بھلا کہنا، گالیاں دینا

← بڑھیا نے لڑکوں کو وہ بے نقط سنائیں کہ توبہ ہی بھلی

62 بیڑا اٹھانا — کسی کام کو کرنے کا یا کسی مہم کو سر انجام دینے کا ذمہ لینا

← قائد اعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی سے ہمکنار کرنے کا بیڑا اٹھایا اور اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے۔

63 بھیڑ چال چلنا — دیکھا دیکھی رسم نبھانا

← لوگ عام طور پر رسوم و روایات کے معاملے میں سوجھ بوجھ سے تو کام لیتے نہیں بس بھیڑ چال چلتے ہیں۔

64 برافروختہ ہونا — غصے ہونا

← آپ تو ذرا ذرا سی بات پر برافروختہ ہو جاتے ہیں ذرا ٹھنڈے دماغ سے سوچا کریں۔

Scanned with CamScanner

65 بھائیں بھائیں کرنا — ویران ہونا

← کل تک اس گھر میں گہما گہمی تھی آج بھائیں بھائیں کر رہا ہے۔

66 بھیگی بلی بتانا — ٹالنا، بہت روپی کا بہانہ کرنا

← میرا ملازم بہت پکا حرام ہے۔ بھیگی بلی بتاتا تو کوئی اس سے سیکھے۔

67 بے بھاؤ کی پڑنا — بہت مار پڑنا

← ایک گرہ کٹ رنگے ہاتھوں پکڑا گیا تو اسے وہ بے بھاؤ کی پڑیں کہ خدا کی پناہ۔

68 بے پر کی اڑانا — بے اصل بات کہنا

← سلمیٰ کی بات کا کیا اعتبار وہ تو ہمیشہ بے پر کی اڑاتی ہے۔

69 بے چراغ ہونا — اجاڑ سنسان ہونا

← یہ بستی برسوں پہلے دریا برد ہو گئی تھی۔ اس وقت سے بے چراغ چلی آ رہی

70 پاپڑ بیلنا — مشقت اٹھانا

← اس زمانہ انسان کو اپنے بچوں کے لیے کیا کیا پاپڑ بیلنا پڑتے ہیں۔

71 پتا پانی ہونا — خوفزدہ ہونا

← جنگل میں تو بڑے بڑے بہادروں کا پتا پانی ہو جاتا ہے۔

72 پالا پڑنا — واسطہ پڑنا

← خدا کرے تمہارا پالا کسی احمق سے نہ پڑے

73 پانی پھیر دینا — برباد کر دینا

← آپ نے میرے کیے کرائے پر پانی پھیر دیا۔

74 پانی بھرنا — غلامی کرنا

← اس معاملے میں تو اسے چاہیے کہ وہ میری برتری تسلیم کرے بلکہ پانی بھرے۔

Scanned with CamScanner

75 پانی میں آگ لگانا — مشتعل مزاج کو بھڑکانا

← سرحد میں تو یوسف صاحب کو غصے میں دیکھا یوں لگتا تھا کسی نے پانی میں آگ لگا دی ہو۔

76 پل پڑنا — حملہ کرنا، ٹوٹ پڑنا

← بھوکے بھیڑیے ہرن پر پل پڑے۔

77 پیٹ پر پتھر باندھنا — بھوک کا سامنا کرنا

← اسلام کے ابتدائی ایام میں مسلمانوں نے پیٹ پر پتھر باندھے ہر طرح کی مصیبت برداشت کی مگر اشاعتِ اسلام میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔

78 پیٹ کاٹنا — اخراجات میں کمی کرنا

← میرا آج بھی یہ حال ہے کہ میں پیٹ کاٹتا ہوں مگر کتابیں ضرور خریدتا ہوں

79 پانچوں گھی میں — مزے ہونا

← آج کل کاروباری طبقے کی پانچوں گھی میں ہیں۔

80 پھونک پھونک کر قدم رکھنا — بڑی احتیاط سے کام لینا

← احمق زندگی کے معاملات میں جلد بازی سے کام لیتا ہے مگر دانا پھونک پھونک کر قدم رکھتا ہے۔

81 پیٹ کا ہلکا ہونا — راز کی بات نہ رکھ سکنا

← بشریٰ کا اعتبار نہ کرنا وہ پیٹ کی ہلکی ہے تمہاری بات کا راز نہ رکھ سکے گی۔

82 پا در رکاب ہونا — چند روز کا مہمان ہونا

← احمد کے دادا کو بس اب پا در رکاب ہی سمجھو

83 پتھر کا جگر پانی ہونا — بے رحم کو رحم آنا

← سنگ دل حاکم کا عوام کی فلاح کے بارے میں سوچنا پتھر کا جگر پانی ہونے کے مترادف ہے۔

Scanned with CamScanner

84 پگڑی اچھالنا — بے عزت کرنا

← آئے دن کے ٹی وی مذاکروں میں سیاست دان ایک دوسرے کی خوب پگڑی اچھالتے ہیں۔

85 پھوٹ بہنا — زار زار رونا

← سوچ تو غم کے بادل ایسے امڈ آئے کہ وہ سب کے سامنے ہی پھوٹ بہی۔

86 پو بارہ ہونا — وارے نیارے ہو جانا

← لوڈ شیڈنگ نے غریب آدمی کا تو کچومر نکال دیا ہے مگر UPS بنانے والوں کے تو پو بارہ ہو گئے ہیں۔

87 ترکی بہ ترکی جواب دینا — منہ توڑ جواب دینا

← قدیر اگرچہ کمزور تھا لیکن اس نے سلیم کے ہر طنزیہ سوال کا ترکی بہ ترکی جواب دیا۔

88 ترکی تمام ہونا — بہادری ختم ہو جانا

← پاکستانی افواج کے ایک ہی حملے سے بھارتی افواج کی ترکی تمام ہو گئی۔

89 تصویر بنا دینا — حیرت میں ڈال دینا

← میں تو تمہاری کہانی سن کر تصویر بن کر رہ گیا ہوں۔

90 تین پانچ کرنا — جھگڑا کرنا، حجت کرنا

← میرے ساتھ تین پانچ کرنے کی ضرورت نہیں، سیدھی طرح میری رقم واپس کرو۔

91 تین حرف بھیجنا — لعنت بھیجنا

← میں چغل خوروں پر تین حرف بھیجتا ہوں

Scanned with CamScanner

92 تین تیرہ ہونا — منتشر ہونا / تتر بتر ہونا

← حملے کی تاب نہ لا پایا اور کفار کا لشکر آنِ واحد تین تیرہ ہو گیا۔

93 تاخت و تاراج کرنا — لوٹ مار کرنا

← جب نادر شاہ نے دلی کو تاخت و تاراج کیا تو شہر میں قیامت برپا ہو گئی۔

94 تگنی کا ناچ نچانا — بہت پریشان کرنا

← دوسری بیوی نے تو اسے آتے ہی ایسا تگنی کا ناچ نچایا کہ وہ دنیا ہی سے بیزار ہو گیا۔

95 تن بدن میں آگ لگنا — بہت غصے میں آنا

← بیٹے کے جوا کھیلنے کی خبر سن کر باپ کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔

96 ٹسوے بہانا — جھوٹ موٹ کا رونا

← بچے کو چوٹ نہیں لگی ہے یہ ٹسوے بہا رہا ہے۔

97 ٹیڑھی کھیر ہونا — کام کا مشکل ہونا

← اس مسئلے کا حل میرے پاس نہیں یہ بڑی ٹیڑھی کھیر ہے۔

98 ٹامک ٹوئیے مارنا — اٹکل سے کام لینا

← بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے وہ سوچتے سمجھتے نہیں بس یونہی ٹامک ٹوئیے مارتے ہیں۔

99 ٹس سے مس نہ ہونا — ذرا بھی اثر نہ ہونا

← بعض لوگ ایسے بے حس ہوتے ہیں ان کو سمجھاؤ وہ ٹس سے مس نہیں ہوتے۔

100 ٹکا سا جواب دینا — صاف صاف جواب دے دینا

← میں نے عابد سے کچھ رقم قرض مانگی مگر اس نے مجھے ٹکا سا جواب دے دیا۔

Scanned with CamScanner

101 جان کو لاگو ہونا — دشمن ہونا

← مجھے جو ارمان جان سے پیارے تھے اب وہی جان کو لاگو ہیں۔

102 جامے میں پھولا نہ سمانا — بے انتہا خوش ہونا

← اکرم اپنی کامیابی پر جامے میں پھولا نہ سماتا تھا اور خوشی اس کے چہرے سے پھوٹتی محسوس ہو رہی تھی۔

103 جز بز ہونا — آزردہ ہونا

← ملازم نے جب تنخواہ میں اضافے کی بات کی تو مالک بہت جز بز ہوا۔

104 جوا اتارنا — آزاد ہونا

← ان شاء اللہ وہ دن قریب ہیں جب کشمیری غلامی کا جوا اتار پھینکیں گے اور اپنے ملک کو آزاد کرا لیں گے۔

105 (آپس میں پھوٹ پڑنا) — جوتیوں میں دال بٹنا

← چاروں بھائیوں میں کبھی زمانے میں سلوک تھا مگر اب تو جائیداد کی تقسیم کے معاملے میں جوتیوں میں دال بٹ رہی ہے۔

106 جی چرانا — کترانا

← بعض لوگ مشقت سے جی چراتے ہیں۔

107 جوتیاں چٹخاتا — مارے مارے پھرنا

← آج کل بے روزگاری کا یہ حال ہے کہ بعض اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان بھی جوتیاں چٹخاتے پھرتے ہیں۔

108 جوتیاں سیدھی کرنا — بہت تعظیم دینا

← جو لوگ اساتذہ کی جوتیاں سیدھی کرتے ہیں ہمیشہ کامران ٹھہرتے ہیں۔

109 جنگل میں منگل ہونا — ویرانے میں رونق ہونا

← فصلِ بہار کی آمد سے جنگل میں منگل ہو گیا۔

110 جلتی پر تیل چھڑکنا — جھگڑے کو اور بڑھانا

← بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے بات ختم کرنے کی بجائے جلتی پر تیل چھڑکتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

111 جان پر کھیلنا — ایسا کام کرنا جس میں جان کو خطرہ ہو۔

← کمانڈوز نے جان پر کھیل کر دہشت گردوں کو آن واحد میں ٹھکانے لگا دیا۔

112 جلی کٹی سنانا — برا بھلا کہنا

← ساس بہو کی آپس میں نہ بنتی تھی اور اکثر ایک دوسرے کو جلی کٹی سناتی رہتی تھیں۔

113 جل دینا — دھوکا دینا

← نوسرباز بھولے بھالے دیہاتیوں کو سرِ بازار جل دے کر چلتا بنا۔

114 چراغ پا ہونا — غصے کی کیفیت طاری ہونا بے قرار ہونا۔

← جب سے والد نے سنا ہے کہ محمود رشتے کا مخالف ہے تو وہ چراغ پا ہے۔

115 چراغ سحر ہونا — مرنے کے قریب ہونا

← میاں ہمارا کیا ہے ہم تو چراغ سحر ہیں، آج مرے کل دوسرا دن

116 چرکا لگانا — تکلیف پہنچانا

← نافرمان اولاد نے بوڑھے والدین کو بڑے چرکے لگائے۔

117 چشم نمائی کرنا — تنبیہ کرنا، جھڑکنا

← میرا بڑا بھائی ہے اس کا یہ سخت رویہ محض چشم نمائی کے لیے تھا۔

118 چھاتی پر مونگ دلنا — کسی کے سامنے ایسا کام کرنا جو دوسروں کو ناگوار ہو۔

← وہ ہمسائیوں کی چھاتی پر مونگ دلنے کے لیے ان کو دکھا دکھا کر عیاشی کرتا ہے۔

119 چھکے چھڑانا — حواس گم ہونا

← مجاہدین نے پے در پے حملے کر کے دشمنوں کے چھکے چھڑا دیے۔

120 چھل کرنا — چالاکی کرنا

← مجھ سے چھل نہ کرو میں تمہاری چالبازیوں سے خوب واقف ہوں

121 چیونٹی کو پر لگنا — مرنے کے قریب ہونا

← چیونٹی کو پر لگے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ اس کا انجام قریب ہے۔

Scanned with CamScanner

122 چوکڑی بھول جانا — حواس باختہ ہونا

← جب امیدوار سے دفتر میں انٹرویو سے پہلے پیش ہوتے ہیں تو اپنی چوکڑی بھول جاتے ہیں۔

123 چھوئی موئی ہونا — بہت نازک اندام ہونا

← یہ لڑکی تو بالکل چھوئی موئی ہے ذرا سی بات پر روٹھ بیٹھ جاتی ہے

124 چار چاند لگانا — قدر و قیمت بڑھانا

← علامہ اقبال کے کلام نے اردو شاعری کو چار چاند لگا دیے۔

125 چلو بھر پانی میں ڈوب مرنا — بہت شرمندہ ہونا

← تمہارے کرتوتوں نے سارے خاندان کی عزت خاک میں ملا دی ہے اگر غیرت ہو تو چلو بھر پانی میں ڈوب مرو

126 چھاتی پر سانپ لوٹنا — حسد ہونا

← پاکستان کی ترقی سے دشمنوں کی چھاتی پر سانپ لوٹ رہے ہیں۔

127 چھٹی کا دودھ یاد آنا — مصیبت میں آرام کے دنوں کا یاد آنا

← پولیس نے چور کی ایسی پٹائی کی کہ اسے چھٹی کا دودھ یاد آگیا۔

128 حرف آنا — بدنامی ہونا

← ایسا کام نہ کرو کہ بزرگوں پر حرف آئے یا ان کے نام کو دھبا لگے۔

129 حواس باختہ ہونا — گھبرا جانا

← خطرے کے وقت حواس باختہ نہیں ہونا چاہیے۔

130 خاطر میں نہ لانا — پرواہ نہ کرنا

← جلیل اتنا خود پسند ہے کہ کسی کو خاطر میں نہیں لاتا۔

131 خدا لگتی کہنا — انصاف کی بات کہنا

← میں تو خدا لگتی کہوں گا قصور آپ ہی کا تھا اکرم غریب تو خواہ مخواہ مارا گیا

132 خفیف ہونا — شرمندہ ہونا

← جب اس کی غلط بیانی کا پردہ فاش ہوا تو وہ بہت خفیف ہوا

133 خاکہ اڑانا — رسوا کرنا، مذاق کرنا

← بچپن میں ہماری ایک نادانی یہ تھی کہ ہم اپنے استادوں کا خاکہ اڑایا کرتے تھے۔

134 خاک چھاننا — بہت جستجو ہونا

← خاک چھاننے کا شوق خوف و خطر پر غالب رہنا چاہیے۔

135 خاطر جمع رکھنا — مطمئن رہنا

← خاطر جمع رکھیے میں تمام بندوبست کر لوں گا۔

136 خون سفید ہونا — بے مروت ہو جانا

← کیا زمانہ آ گیا ہے عزیزوں اور رشتہ داروں کا خون سفید ہو گیا ہے کوئی کسی کا پرسانِ حال نہیں۔

137 خمیازہ بھگتنا — کسی غلطی کے بدلے نقصان اٹھانا

← پہلے آپ بے اعتدالیاں کرتے رہے ہیں اب اس کا خمیازہ بھگتیں

138 خون کے گھونٹ پینا — غم و غصہ برداشت کرنا

← اہلِ دل اس بے راہ روی پر کڑھتے تو بہت ہیں مگر خون کے گھونٹ پی کر رہ جاتے ہیں کیوں کہ ان کا کوئی بس نہیں چلتا

139 خبر گرم ہونا — چرچا ہونا

← یہ خبر گرم ہے کہ کل پورے ملک میں تعطیل ہے۔

140 داغ بیل ڈالنا یا طرح ڈالنا — بنیاد رکھنا

← علامہ اقبال نے اردو شاعری میں ایک نئے انداز فکر کی داغ بیل ڈالی۔

141 دام میں آنا — جال میں پھنسنا

← اس آدمی کے دام میں آنا یہ بڑا مکار ہے۔

142 دانت کھٹے کرنا — عاجز کرنا

← مٹھی بھر مجاہدین نے کفار کے لشکر جرار کے دانت کھٹے کر دیے۔

143 درپے ہونا — پیچھے لگنا

← آپ کا دشمن پورا ملک ہڑپ کرنے کے درپے ہے اور آپ اپنی کرسی کی فکر میں ہیں درپے ہیں حیرت ہے۔

Scanned with CamScanner

144 دستبردار ہونا — چھوڑ دینا

← چھوٹا بھائی بڑے بھائی کے حق میں جائیداد سے دستبردار ہو گیا۔

145 دقیقہ اٹھا نہ رکھنا — کوئی کسر نہ چھوڑنا

← آپ پر لازم ہے کہ محنت کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھیں۔

146 دکان بڑھانا — دکان بند کرنا

← اس کو سیاسی حالات کی وجہ سے اپنی دکان بڑھانا پڑی۔

147 دل بھر آنا — غمگین ہونا

← اس کی دکھ بھری داستان سن کر سب کا دل بھر آیا۔

148 دم بھرنا — محبت کا دعویٰ کرنا

← ہر مسلمان جناب رسول کریم ﷺ کی محبت کا دم بھرتا ہے

149 دن بھرنا — اچھے دن آنا

← کبھی تو مجھ غریب کے دن بھی بھریں گے۔

150 دور کی کوڑی لانا — دور کی بات سوچنا

← وہ پالیسوں میں کرن انقلاب کی ما شاعری کیا دور کی کوڑی لاتے ہیں۔

151 دوڑ دھوپ کرنا — بہت کوشش کرنا

← آپ اپنی دوڑ دھوپ جاری رکھیں تو اپنی منزل پانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

152 دھرنا دینا — جم کر بیٹھنا

← آج اساتذہ نے اپنے حقوق کے مطالبے کے لیے دھرنا دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

153 دیدوں کا پانی ڈھلنا — بے حیا ہونا

← کچھ حیا کرو بزرگ پر ہاتھ اٹھا رہے ہو معلوم ہوتا ہے تمہارے دیدوں کا پانی ڈھل گیا ہے

154 دال میں کچھ کالا ہونا — کچھ شبہ والی بات ہونا

← اس شخص کی گھبراہٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرور کچھ دال میں کالا ہے۔

Scanned with CamScanner

155 دانت کاٹی روٹی کھانا — آپس میں بے حد الفت ہونا

← انقلاب زمانہ ہے کہ جو رشتے کل کو دانت کاٹی روٹی کھاتے تھے آج ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہیں۔

156 دست نگر ہونا — مدد کے لیے کسی کا محتاج ہونا

← خوددار آدمی ہمیشہ اپنی مدد آپ سمجھتا ہے وہ کسی کا دست نگر ہونا پسند نہیں کرتا۔

157 دامن تر ہونا — گناہ گار ہونا

← مولانا انہیں ایسا ہی تر دامن نہ سمجھنا توبہ کا دروازہ ہمیشہ کھلا رہتا ہے۔

158 دھان پان ہونا — دبلا پتلا ہونا

← ہر چند قائد اعظم دیکھنے میں دھان پان تھے مگر عزم و حوصلہ کے کوہ گراں تھے۔

159 ڈکار نہ لینا — ہضم کر جانا

← لاکھوں کا مال ہضم کر گئے ڈکار تک نہ لی

160 ڈھارس بندھانا — تسلی دینا

← تمام رشتے داروں نے بیوہ کی ڈھارس بندھائی اور یتیم بچوں کے سر پر ہاتھ رکھا۔

161 ڈھنڈیا پڑنا — تلاش ہونا

← شام ہوئی تو بچے کی ڈھنڈیا پڑی

162 ڈیرے ڈالنا — قیام کرنا

← اس آدمی کے گھر میں عرصہ ہوا مفلسی نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں۔

163 ڈنڈے بجانا — آوارہ پھرنا

← باپ تو شریف آدمی تھا مگر اس کے دونوں لڑکے ڈنڈے بجاتے پھرتے ہیں

164 ڈورے ڈالنا — پھانسنے کی کوشش کرنا

← نوسر بازوں نے بہت ڈورے ڈالے لیکن فیاض ان کے پھانسے میں نہ آیا

165 ڈنکا بجنا — شہرت ہونا

← شہر بھر میں حاجی صاحب کی شرافت اور نیکی کا ڈنکا بجتا ہے۔

Scanned with CamScanner

166 ڈھونگ رچانا — دھوکا دینا

← ان حضرت کا مذہب سے کوئی تعلق نہیں خواہ مخواہ مذہبیت کا ڈھونگ رچا رکھا ہے۔

167 ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا — سب کی رائے کے خلاف چلنا

← بعض لوگ مل جل کر رہنے کی بجائے ہمیشہ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنائے رکھتے ہیں۔

168 ذہن لڑانا — غور و فکر کرنا

← میں نے بہت ذہن لڑایا مگر اس سوال کا جواب میری سمجھ میں نہیں آیا۔

169 رات بھیگنا — آدھی رات کے بعد کا عمل ہونا

← رات بھیگ چکی تھی مگر ماں سلائی مشین کے سامنے بیٹھی بیٹی کا جہیز تیار کر رہی تھی۔

170 رات دن ایک کرنا — سخت محنت کرنا

← اس نے رات دن ایک کیا تب جا کر اس رتبے کو پہنچا ہے۔

171 رائی کا پہاڑ بنانا — معمولی بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا

← رائی کا پہاڑ بنانا تو کوئی تم سے سیکھے کیا بات تھی اور تم نے کیا بنا دیا ہے۔

172 راہ ہونا — محبت ہونا

← دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔

173 رفو چکر ہونا — چپکے سے کھسک جانا

← پولیس کو دیکھتے ہی دونوں ٹھگ رفو چکر ہو گئے۔

174 رنگ فق ہونا — چہرے کا رنگ اڑنا

← جب کبھی بجلی چمکتی ہے تو جنت کا رنگ فق ہو جاتا ہے۔

175 رنگ میں بھنگ ڈالنا — خوشی میں رخنہ پیدا کرنا

← اس کم بخت نے آتے ہی رنگ میں بھنگ ڈال دی۔

Scanned with CamScanner

176 رنگ لانا — اثر دکھانا
← ہم جانتے تھے کہ ہماری حماقت ایک دن ضرور رنگ لائے گی۔

177 روپ دھارنا — شکل بنانا
← اس نے جوگیوں کا روپ دھارا اور عقل کی سی ڈالی۔

178 روغن قاز ملنا — خوشامد کرنا
← وہ بڑا خوشامد پسند ہے۔ جو بھی جاتا ہے اسے روغن قاز ملتا ہے اور اس سے اپنا مطلب نکال لیتا ہے۔

179 رطب اللسان ہونا — تعریف کرنا
← مولانا حالی نے ایسی پاکیزہ زندگی بسر کی کہ لوگ آج تک ان کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔

180 ریل پیل ہونا — کثرت ہونا
← اکثر کاروباری لوگوں کے گھروں میں پیسوں کی ریل پیل رہتی ہے۔

181 زبان زد ہونا — مشہور ہونا
← میر کے اکثر شعر زبان زد خاص و عام ہیں۔

182 زبان لال ہونا — گنگ ہونا
← خدا کے بزرگ و برتر کی حمد و ثنا میں بڑے بڑے لفظوں کی زبان لال ہے

183 زخم پر نمک چھڑکنا — دکھی کو ستانا
← میں تو پہلے ہی افسردہ ہوں طعنہ زنی کر کے میرے زخموں پر نمک کیوں چھڑکتے ہو

184 زمین و آسمان کے قلابے ملانا — مبالغہ کرنا
← وہ اپنے کارنامے اس طرح سے سناتا ہے کہ زمین و آسمان کے قلابے ملا دیتا ہے

185 زمین کا گز ہونا — وقت سفر و حیات میں گزارنا
← ہم زمین کا گز ہوئے دنیا دیکھی مگر اتنی بے مروتی دنیا کے کسی ملک کے لوگوں میں نظر نہ آئی۔

186 زہرہ آب ہونا — سخت گھبرانا
← جنگ میں تو بڑے بڑے بہادروں کا زہرہ آب ہو جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

187 زیر و زبر کرنا — الٹ پلٹ کرنا

← پچھلے دنوں مہمان بچوں نے میرا سارا کتب خانہ زیر و زبر کر کے رکھ دیا۔

188 زمین میں گڑ جانا — سخت شرمندہ ہونا

← جب باپ نے اولاد کو جھوٹ بولتے سنا تو وہ مارے غیرت کے زمین میں گڑ گیا۔

189 زہر کے گھونٹ پینا — غصے کو ضبط کرنا

← بزرگ نئی نسل کے خلاف بے راہ روی پر کڑھتے ضرور ہیں مگر زہر کے گھونٹ پی کر رہ جاتے ہیں۔

190 زندہ درگور ہونا — دکھ بھری زندگی گزارنا

← آج کل غریب غربا مفلسی کے ہاتھوں زندہ درگور ہیں۔

191 سبک سر ہونا — بے عزت ہونا

← ہم سبک سر ہو کر نہیں پوچھ سکتے کہ آپ ہم سے کیوں سرگراں ہیں۔

192 سر قلم کرنا — سر کاٹ دینا

← قاتل کا سر قلم کر دیا گیا۔

193 سیر چشم ہونا — مطمئن ہونا، بے نیاز ہونا

← ان کو اللہ نے ایسی سیر چشمی عطا کر رکھی تھی کہ کسی چیز کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے تھے۔

194 سمندر بلونا — بہت چھان بین کرنا

← میاں سی ایس ایس کا امتحان آسان نہیں اس میں گویا دریا کو اکٹھا کرنا سمندر بلونے کے مترادف ہے۔

195 سٹی گم ہونا — اوسان خطا ہونا

← چور نے جب پولیس کو آتے دیکھا تو اس کی سٹی گم ہو گئی اور وہ بھاگ کھڑا ہوا۔

196 سبز باغ دکھانا — لالچ دینا، دھوکا دینا

← آصف نے مجھے بہت سے سبز باغ دکھائے لیکن میں اس کے جھانسے میں نہ آیا۔

197 سبز قدم ہونا — منحوس ہونا

← ساس نے کہا: ہماری بہو سبز قدم ہے جب سے آئی ہے کاروبار میں نقصان ہو رہا ہے۔

Scanned with CamScanner

198 سورج کو چراغ دکھانا  دانا کو دانائی سکھانا

← بھائی صاحب آپ تو دانا ہیں آپ کو مشورہ دینا سورج کو چراغ دکھانے والی بات ہے۔

199 سکوت ٹوٹنا  بول پڑنا

← دونوں دوست دیر تک خاموش بیٹھے رہے بالآخر ایک نے سکوت توڑا

200 سانپ سونگھ جانا  خاموشی چھا جانا

← صدر جلسہ نے چندے کی اپیل کی تو پورے مجمع کو گویا سانپ سونگھ گیا۔

201 سینت سینت کر رکھنا  احتیاط سے رکھنا

← سگھڑ عورتیں گھر میں تمام چیزوں سینت سینت کر رکھتی ہیں تاکہ وقت پہ کام آئیں۔

202 سینگ سمانا  جگہ ملنا

← میری شب بسری کا مسئلہ ہے جہاں سینگ سمائیں گے وہیں رہوں گا

203 سوئے دشت بھاگنا  جنون کی کیفیت میں مبتلا ہونا

← فصل گل تو دور ہے اور تمہاری یہ کیفیت ہے کہ ابھی سے سوئے دشت بھاگ رہے ہو یہ معاملہ کیا ہے۔

204 سروکار رکھنا  تعلق رکھنا

← "سب لوگوں سے کبھی سروکار نہ رکھو" یہ میری نصیحت ہے۔

205 سناٹے میں آ جانا  حیران رہ جانا

← لوگ جی ایچ کیو پر دہشت گردی کی خبر سن کر سناٹے میں آ گئے۔

206 شش و پنج میں پڑنا  سوچ بچار کی کیفیت

← میں اس شش و پنج میں ہوں کہ یہ سفر اختیار کروں یا نہ کروں

207 شیر و شکر ہونا  میل ملاپ ہونا

← آج کل اکرم اور وسیم آپس میں خوب شیر و شکر ہیں۔

208 شیطان کی آنت ہونا  طویل ہونا

← یہ مسافت تو میرے لیے شیطان کی آنت ہو گئی ہے۔ صبح سے طے کر رہا ہوں مگر منزل کا کوئی نشان نہیں۔

209 شرط بدنا — شرط لگانا

← میں شرط بدتا ہوں کہ آج بارش ہوگی۔

210 شگوفہ چھوڑنا — نئی بات کرنا

← آپ جب بھی آتے ہیں کوئی نہ کوئی شگوفہ ضرور چھوڑتے ہیں

211 شین قاف درست ہونا — تلفظ صحیح ہونا

← اس کی اردو شین قاف سے درست ہے۔

212 شاق گزرنا — ناگوار معلوم ہونا

← بعض لوگ اتنے حساس ہوتے ہیں ان کو ذرا سی دل لگی بھی شاق گزرتی ہے

213 شیخی بگھارنا — ڈینگ مارنا

← مجھے تو شیخی بگھارنے والے لوگ ایک آنکھ نہیں بھاتے۔

214 شیشے میں اتارنا — گرویدہ کر لینا

← بعض چالاک سیاست دانوں کو عوام کو شیشے میں اتارنے کا فن آتا ہے۔

215 صادق آنا — چسپاں ہونا

← یہ ضرب المثل آپ پر صادق آتی ہے۔

216 صلواتیں سنانا — گالیاں دینا

← جب لڑکوں نے بڑھیا کو چھیڑا تو اس نے بھی خوب صلواتیں سنائیں

217 صبر پڑنا — مظلوم کے صبر کا اثر ظاہر ہونا

← نہ جانے کس کا صبر پڑا ہے جو اس کا سارا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے۔

218 صبر کا پیمانہ لبریز ہونا — صبر نہ ہو سکنا

← ساس کے آئے دن کے طعنوں سے تنگ آ کر آخر بہو کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔

219 ضرب المثل ہونا — کہاوت بن جانا / مشہور ہو جانا

← کسی زمانے میں مسلمانوں کی صداقت شعاری ضرب المثل تھی۔

Scanned with CamScanner

220 طرح دینا — چشم پوشی کرنا

← ہم اس کو طرح دیتے جاتے ہیں اور وہ شہ زور ہوتا جا رہا ہے۔

221 طاقِ نسیاں ہونا — بھول جانا

← جتنی باتیں تھیں سب طاقِ نسیاں ہو گئی ہیں اب مجھے کچھ یاد نہیں آ رہا۔

222 طاق ہونا — ماہر ہونا

← احمد ریاضی میں بہت طاق ہے۔

223 طشت از بام ہونا — راز ظاہر ہونا

← اگرچہ انہوں نے بڑی رازداری سے کام لیا لیکن آخر کار سارا منصوبہ طشت از بام ہو گیا۔

224 طومار باندھنا — بات بڑھا کر بیان کرنا

← ہمسایوں نے اس کے خلاف بہت طومار باندھے حالانکہ کچھ بھی بات نہ تھی۔

225 طوطا چشم ہونا — بے وفا ہونا / آنکھیں پھیر لینا

← بعض لوگ تو ایسے طوطا چشم ہوتے ہیں کہ مطلب نکلتے ہی پہچاننے سے انکار کر دیتے ہیں۔

226 ظلم توڑنا یا ظلم ڈھانا — آفت ڈھانا

← پولیس نے ملزم پر وہ ظلم توڑے کہ وہ جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔

227 عاق کرنا — محروم کرنا

← باپ نے بد اطوار بیٹے کو جائیداد سے عاق کر دیا۔

228 عبرت پکڑنا — سبق حاصل کرنا

← ہمیں عبرت ناک شکست سے عبرت پکڑنی چاہیے۔

229 عقل پر پتھر پڑنا — بے سمجھی کی بات کرنا

← خدا جانے ہماری عقل پر کیوں پتھر پڑ گئے کہ سیدھی بات بھی نہیں سمجھتے۔

Scanned with CamScanner

230 عقل سے ناخن لینا — ہوش کی بات کرنا

← خدا جانے میاں! عقل کے ناخن لو اپنے باپ سے لڑنے چلے ہو۔

231 عہدہ برآ ہونا — ذمہ داری سے سبکدوش ہونا

← میں اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہونے کی پوری کوشش کروں گا۔

232 عش عش کرنا — حیران ہونا

← دل پذیر تقریر سن کر سامعین عش عش کر اٹھے۔

233 عنقا ہونا — نایاب ہونا

← یوں لگتا ہے شرافت کی جنس بازار سے عنقا ہو گئی ہے۔

234 عید کا چاند ہونا — کبھی کبھی نظر آنا

← اخاہ!! محمد صاحب آپ تو عید کا چاند ہو گئے عرصے کے بعد آج دکھائی دیے ہیں۔

235 عقدہ وا ہونا — مشکل آسان ہونا

← میں یہ کہتا ہوں کہ وہ کون سا عقدہ ہے جو عقل کے ناخنوں سے وا نہ ہو سکا۔

236 غل مچانا — جھوٹ موٹ کا رونا

← لاحول! بچے نے کھلونوں کو دیکھتے ہی غل مچا دیا۔

237 فاختہ اڑانا — مزے کرنا، عیش کرنا

← وہ وقت گیا جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے اب تو محنت سے کمانے کا زمانہ ہے۔

238 فراٹے بھرنا — تیزی سے گزر جانا

← گاڑی فراٹے بھرتی ہوئی ہمارے پاس سے گزر گئی۔

239 فقرے چست کرنا — آوازے کسنا

← خدا کی شان ہے بچے بھی بزرگوں پر فقرے چست کرنے لگے

240 قافیہ تنگ کرنا — عاجز کر دینا

← بچوں نے پے در پے سوال کر کے استاد کا قافیہ تنگ کر دیا۔

Scanned with CamScanner

241 قدم پھونک پھونک کر رکھنا — نہایت احتیاط کرنا

← یہ دشمن کا علاقہ ہے یہاں پھونک پھونک کر قدم رکھیے۔

242 قدم لینا — تعظیم کو جھکنا

← جونہی والدہ ماجدہ میرے کمرے میں تشریف لائیں میں قدم لینے کو آگے بڑھا

243 قلعی کھل جانا — اصلیت ظاہر ہونا

← بڑا شاطر بنا پھرتا تھا آج مناظرے میں قلعی کھل گئی۔

244 قیامت ڈھانا — غضب کرنا

← اس قلعے کا انچارج نے ہم پر کیا کیا قیامتیں ڈھائی ہیں۔

245 قدم رنجہ فرمانا — تشریف لانا

← آپ جب بھی لاہور آئیں میرے یہاں ضرور قدم رنجہ فرمائیں

246 غبار دور ہونا — گلہ دور ہونا

← ان دونوں کو آپس میں غبار دور ہو گیا ہے۔